© rasailojaraid.com



دوسری طرف کو بون یونیورسٹی (مغربی جرمنی) میں اسلامک اکیڈمی، جرمن زبان میں قرآن مجید کے ایک نئے ترجمہ کی اسکیم تیار کر رہی ہے۔ اکیڈمی کے صدر ڈاکٹر عبدالجواد لالتوری اس کی تکمیل میں از ہر کا تعاون حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

(اخبار التراث العربی ۷: ۴۴،۴۳)

## تفہیم القرآن کا ترجمہ روسی زبان میں :

افغان مجاہدین کی کوششوں سے مولانا ابوالاعلیٰ مودودیؒ کی تفسیر تفہیم القرآن کا ترجمہ روسی زبان میں لاہور سے ۶ جلدوں میں شائع ہوگیا ہے۔

(اخبار العالم الاسلامی ۲۸ رجب ۱۴۰۹ھ)

## ازبک زبان میں ترجمہ قرآن کی اشاعت :

تاشقند: ۳ مارچ، ازبک سائنس اکادمی سے قرآن پاک کا ۲۰۰۰۰ کاپیوں پر مشتمل پہلا ایڈیشن اگلے سال تاشقند میں شائع کیا جائے گا۔

ازبک ماہر مشرقیات پروفیسر عصمت اللہ عبداللہ الیف نے اے پی این کے ساتھ ایک انٹرویو میں کہا کہ قرآن شریف کی ازبک زبان میں اشاعت ہمارے ملک میں اہم اور بڑی تبدیلیوں کی وجہ سے ممکن ہو سکی ہے۔ ۶۳ سالہ پروفیسر عصمت اللہ عبداللہ الیف نے قرآن شریف کا ازبک زبان میں ترجمہ کیا ہے۔

(قومی آواز ۔ ۳ مارچ ۹۰ء)

## سوویت جرنل میں قرآن پاک کی قسط وار اشاعت :

ماسکو ۲۲ مارچ، جرنل زویزدا و وستوکا کے اس سال کے پہلے شمارے میں قرآن پاک کی اولین سورتیں شائع کی گئی ہیں اور آئندہ دو برسوں میں اس مقدس کتاب کے پورے متن کو شائع کرنے کا منصوبہ ہے ممتاز سوویت عربی داں ایگناتی کراچکوفسکی نے روسی میں ترجمہ کیا ہے اور فلسفی مطالب عثمانوفؒ نے تفاسیر لکھی ہیں۔

(قومی آواز ۲۴ مارچ ۹۰ء)

© rasailojaraid.com